


اسپیکٹرم

# اسلامیات

نرسری سے آٹھویں جماعت تک



Spectrum
Enlightening Generations

**Head Office:**
Plot No. 27, Block 7 & 8, Darul Aman Society, Main Shahrah-e-Faisal,Karachi 75400, Pakistan.
Tel : 021-3222 0977, Cell: 0300 82 72526

**Regional Office:**
Shop No. 4, Haleema Hadia Plaza, Ghazni Street, Urdu Bazar Lahore.
Tel: 0423-7228075, Cell: 0322-8272526

info@spectrum.com.pk
www.spectrum.com.pk

# اسپیکٹرم اسلامیات نرسری سے آٹھویں جماعت تک

اسپیکٹرم اسلامیات کا یہ نصابی سلسلہ قومی نصابِ تعلیم کی روشنی میں نرسری جماعت سے آٹھویں جماعت تک کے طلباء کے لیے اسلامی تعلیمات، شعائر و اقدار کا ایک مہکتا گلستان ہے۔ جو قرآن و حدیث، اسلامی تاریخ، تمدّن اور تہذیب کی تعلیم سلیس زبان میں خوبصورت و منفرد انداز سے پیش کرتا ہے۔

ان کُتب میں طلباء کی شخصیت کی تعمیر اور نشو نما کے ساتھ ساتھ ذہنی استعداد کو ملحوظ رکھا گیا ہے اور اس بات کا خیال رکھا گیا ہے کہ طلباء میں اللہ تعالیٰ کی عظمت، رسول ﷺ سے محبت، دین اسلام کی تعلیم کا شوق اور اسلامی طرزِ زندگی کو اپنانے کا جذبہ فروغ پائے۔

طلباء کی دلچسپی بڑھانے اور ذہنی کارکردگی کو افعال بنانے کے لیے ہر سبق میں مفید سرگرمیوں کو شامل کیا گیا ہے۔

ہمارا مطمع نظر معیادی درس و تدریس کا فروغ ہے اور ان کتب کی اشاعت کے ذریعے مثبت سوچ کے حامل، متوازن، پر اعتماد اور باکردار مسلم نوجوان تیار کرنا ہے۔ ہم اہلِ علم، اساتذۂ کرام، ماہرینِ تعلیم اور طلباء کے والدین سے گذارش کرتے ہیں کہ وہ اس سلسلے کو مزید مفید بنانے کے لیے اپنے قیمتی مشوروں اور مفید آراء سے ہمیں ضرور آگاہ کریں۔

## اسپیکٹرم اسلامیات کی نمایاں خصوصیات:

- مستند علمائے کرام، اساتذہ اور ماہرینِ تعلیم کی زیرِ نگرانی مواد کی ترتیب
- سادہ دلچسپ اور جامع اندازِ بیاں
- اسباق کی رنگین اور دیدہ زیب تشکیل
- مختلف النوع تخلیقی سرگرمیاں
- معلومات کی ترسیل بلحاظ جماعت
- مواد کی ترتیب میں جدید تعلیمی و تدریسی طریقوں کا استعمال
- ہر سبق کے ساتھ مقاصدِ تدریس کا تعیّن
- ہر کتاب کے ساتھ ہدایات برائے اساتذہ کا اندراج
- ہر کتاب کے آخر مین ماٰخذ کی فہرست
- عربی عبارات کا ترجمہ کے ساتھ اندراج
- مربوط انداز میں معلومات کی فراہمی

”اسپیکٹرم پبلشرز کی شائع کردہ اسلامیات کی کتب میں اسلامی تعلیمات کی حقیقی روح کے ساتھ ساتھ تدریس، سادہ بیانی، دل نشیں اور دل چسپ انداز، معلومات کی ترسیل بہ لحاظِ جماعت، ہدایات برائے اساتذہ، بچوں کو متوجہ کرنے کے عنصر، تزئین سمیت دیگر تمام زاویوں کا بھرپور احاطہ کیا گیا ہے۔ عام طور پر دیکھا گیا ہے کہ بچوں کی کُتب میں سادہ بیانی کا اتنا خیال نہیں رکھا جاتا کہ جتنی اس کی ضرورت ہوا کرتی ہے۔ بچوں کی ذہنی استطاعت سے زیادہ ثقیل زبان، تعلیم و تربیت میں سود مند ثابت نہیں ہوتی یہی وجہ ہے کہ بچہ پوری کتاب زبانی یاد کر لیتا ہے لیکن اس کے مفہوم سے ناآشنا رہتا ہے۔ اسپیکٹرم کی کُتب کا ایک وصف ان کا سادہ اور دل نشیں اندازِ بیاں ہے جو کہ یقیناً بچے کی اسلامی تربیت کے حوالے سے بہترین نتائج کا موجب ہوگا۔

> میں امید کرتا ہوں کہ یہ کُتب اسلامیات کے نصاب کو جدید انداز سے پڑھانے والوں کے لیے بہت اچھا ذریعہ ثابت ہوں گی۔
>
> پروفیسر ڈاکٹر نور احمد شاہتاز

اللہ تعالیٰ سے دعا ہے کہ اس کاوش کو قبول فرمائے اور ان کُتب کو دین کی خدمت کا ذریعہ بنائے۔ آمین“

**پروفیسر ڈاکٹر نور احمد شاہتاز**
(پی ایچ ڈی۔ اسلامک اسٹڈیز)
ڈائریکٹر
شیخ زاید اسلامک سینٹر، کراچی یونیورسٹی۔

## کیا آپ جانتے ہیں

ان سوالات کا مقصد ہر سبق کے اہم ترین پیغام کو نمایاں کرنا ہے تاکہ یہ اہم ترین بات طلباء کے ذہن میں نقش ہو جائے۔



سبق : 6

# سُبْحَانَ اللّٰہِ

اللہ تعالیٰ (ہر عیب سے) پاک ہے

### میں مسلمان بچہ ہوں...

جب میں قرآن کی تلاوت یا نبی ﷺ کی نعت سنتا ہوں تو میں کہتا ہوں ← سُبْحَانَ اللّٰہِ

جب میں کوئی اچھی خبر سنتا ہوں تو میں کہتا ہوں ← سُبْحَانَ اللّٰہِ

جب میں اللہ تعالیٰ کی رحمت کا نظارہ دیکھتا ہوں تو میں کہتا ہوں ← سُبْحَانَ اللّٰہِ

جب میں اللہ تعالیٰ کی بنائی شاندار چیز دیکھتا ہوں تو میں کہتا ہوں ← سُبْحَانَ اللّٰہِ

جب میں کسی چیز کو دیکھ کر حیران ہوتا ہوں تو میں کہتا ہوں ← سُبْحَانَ اللّٰہِ


**کیا آپ جانتے ہیں**

پیارے نبی ﷺ نے فرمایا:
جو ایک مرتبہ سُبْحَانَ اللّٰہِ کہتا ہے اس کے لیے جنّت میں ایک درخت لگا دیا جاتا ہے۔ (ترمذی)

8

## ہدایت برائے اساتذہ :

سبق سے طلباء میں جن صلاحیتوں کو پیدا کرنا مقصود ہے۔ اُنھیں حاصل کرنے کے لیے اساتذہ کے لیے اہداف کا تعین کیا گیا ہے۔ تاکہ اساتذہ ان مقاصد کے تحت مؤثر انداز سے سبق پڑھانے اور سمجھانے میں کامیاب ہو سکیں۔



سبق : 8

سوچیں اور بتائیں: کافروں نے ہمارے پیارے نبی ﷺ سے چاند کے دو ٹکڑے کرنے کا کیوں کہا تھا؟

### مشق

**دیے گئے الفاظ کی مدد سے خالی جگہ پُر کریں۔**

| گناہوں | آدم علیہ السلام | سردار | چاند | حکم | افضل | آخری | ہدایت |
|---|---|---|---|---|---|---|---|

1۔ اللہ تعالیٰ نے انسانوں کی ________ کے لیے نبیوں کو بھیجا۔
2۔ سب سے پہلے نبی حضرت ________ ہیں۔
3۔ حضرت محمد ﷺ سب سے ________ نبی ہیں۔
4۔ اللہ تعالیٰ نبیوں کو تمام برائیوں اور ________ سے محفوظ رکھتا ہے۔
5۔ اللہ کے نبی تمام انسانوں اور فرشتوں سے ________ ہیں۔
6۔ ہمارے پیارے نبی ﷺ سب نبیوں کے ________ ہیں۔
7۔ جس نے رسول کا حکم مانا اس نے اللہ کا ________ مانا۔
8۔ تمام مخلوق پر حضور ﷺ کا ________ ماننا لازمی ہے۔
9۔ پیارے نبی ﷺ نے اشارہ کیا اور ________ دو ٹکڑے ہو گیا۔

**سوالات کے جوابات لکھیں۔**

سوال 1: اللہ تعالیٰ نے انبیاء کو کس لیے بھیجا؟
سوال 2: سب سے پہلے اور سب سے آخری نبی کا نام بتائیے؟
سوال 3: معجزہ کسے کہتے ہیں؟
سوال 4: کافروں نے پیارے نبی ﷺ سے کیا مطالبہ کیا تھا؟
سوال 5: حضرت محمد ﷺ کا سب سے بڑا معجزہ کیا ہے؟

ہدایت برائے اساتذہ: اس سبق سے طلباء میں اتنی صلاحیت پیدا ہو جائے کہ وہ:
○ معجزے کی تعریف اور چاند دو ٹکڑے کرنے کا معجزہ بتا سکیں۔
○ پیارے نبی ﷺ سے دل و جان سے محبت کریں۔
○ یہ جان سکیں کہ ہمارے پیارے نبی ﷺ سب نبیوں اور تمام مخلوقات سے افضل ہیں۔

14

## سوچیں اور بتائیں

طلباء کی ذہنی صلاحیتوں کا اُجاگر کرنے اور ان کی دلچسپی کا اندازہ لگانے کے لیے چند سوالات مرتب کیے گئے ہیں۔ ان سوالات کو سبق اختتام پر ضرور پوچھا جائے۔ تاکہ بچوں میں غور و فکر کی عادت پیدا ہو۔

### مشکل الفاظ

سبق میں آنے والے نئے الفاظ، معنی اور تعریف کے ساتھ بتائے گئے ہیں تاکہ بچوں کو اسلامی اصطلاحات سمجھنے میں آسانی ہو۔



سبق : 24

## ہمارا دشمن

کبھی کبھی ہمارا دل نہیں چاہتا کہ قرآن پاک پڑھیں یا اسکول جائیں۔
نماز کے وقت بھی بہت سُستی ہوتی ہے۔
امی ابو ہمارا کتنا خیال رکھتے ہیں لیکن کبھی کبھی اُن کا کہنا ماننے کا دل نہیں چاہتا۔
کبھی آپ کسی چیز کے لیے بہت ضد کرتے ہیں، روتے ہیں، چلّاتے ہیں۔
بہت غصہ آتا ہے۔ ہماری چیزوں کو بھائی یا بہن کیوں ہاتھ لگاتے ہیں، انھیں مارنے کا دل چاہتا ہے۔
کلاس میں شور کرنے کا، استاد کو تنگ کرنے کا خیال کہاں سے آتا ہے؟
یہ سارے کتنے بُرے کام ہیں؟
یہ کام ہمیں بھی اچھے نہیں لگتے لیکن
یہ بُری باتیں ہمارے دل میں کون ڈالتا ہے؟
یہ شیطان ہے جو ہمیں بری باتیں سکھاتا ہے۔
شیطان مردود ہمارا دشمن ہے۔

**مشکل الفاظ**

مردود : اللہ کی رحمت سے دور





### سرگرمی

طلباء کی دلچسپی بڑھانے اور اسلامی تعلیمات کو عملی طور پر سمجھانے کے لیے، سبق کے متعلق ایک ''سرگرمی'' دی گئی ہے تاکہ سبق کا فہم اور بہترین نتائج حاصل ہوسکیں۔



سبق : 24

یہ شیطان ہے جو بچوں کو علم حاصل کرنے سے روکتا ہے۔
شیطان چاہتا ہے کہ ہم بُرے اور گناہ کے کام کریں جس سے امی ابو اور اللہ تعالیٰ ناراض ہوں۔
جب بھی شیطان ہمیں کوئی بُری بات سکھائے ہمیں چاہیے کہ فوراً أَعُوذُ بِاللهِ مِنَ الشَّيطٰنِ الرَّجِيمِ پڑھیں اور اللہ تعالیٰ سے دعا کریں ''اے اللہ! ہمیں شیطان کے شر سے بچا''۔ آمین
قرآن مجید میں ہے:

إِنَّهُ لَكُمْ عَدُوٌّ مُّبِينٌ

بے شک وہ (شیطان) تمھارا کھلا دشمن ہے

### مشق

**سرگرمی:** ایک سادہ کاغذ پر لکھیے کہ دن میں کون کون سے کام آپ شیطان کے بہکانے سے کرتے ہیں؟

**سوالات کے جوابات لکھیں۔**

سوال 1: ہمارا دشمن کون ہے؟
سوال 2: جب بھی شیطان کوئی بری بات ہمارے دل میں ڈالے تو ہمیں کیا پڑھنا چاہیے؟
سوال 3: شیطان ہمیں کون کون سی بری باتیں سکھاتا ہے؟ دو مثالیں دیں۔

**جو شیطان کے دوست ہیں اُن پر (X) کا نشان لگائیں۔**

| جھوٹا | سچا | نمازی | بے نمازی | گالی دینے والا | بے ادب | با ادب | ایمان دار | طالبِ علم |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| | | | | | | | | |

**راہِ عمل:** بُرے خیالات آنے پر کیا آپ تعوّذ پڑھتے ہیں؟ ہاں ☐ نہیں ☐


**ہدایت برائے اساتذہ:** اس سبق سے طلباء میں ایسی صلاحیت پیدا ہو جائے کہ وہ:
- علم حاصل کرنے کو ثواب سمجھیں اور دل لگا کر پڑھیں۔
- شیطان کو اپنا سب سے بڑا دشمن سمجھ لیں۔
- یہ جان لیں کہ شیطان نیکی اور علم حاصل کرنے سے روکتا ہے۔



### راہِ عمل

علم درخت کی مانند ہے اور عمل اس کا پھل۔ بچوں کو عمل پر اُبھارنے کے لیے ''راہِ عمل'' کے نام سے مختلف سوالات ترتیب دیئے گئے ہیں۔

## Supplimentary Books





### GLORIOUS LIFESTYLE

A book of Islamic manners & morals

Shoaib Sattar
Dr. Saqib Muhammad Khan

Moral education of a little child is really a heavy task. The child's individual and social behaviour has to be trained from the very beginning. How much would it be wo rth for you to know that your child understands how to determine the right from the wrong? How much would it be worth for you to know that your kids can make the right choices when they are out with their friends? This book provides a series of such moral lessons in an attractive and interesting manner.




### A SHINY DAY

A book of Du'as for children


Dr. Saqib Muhammad Khan


A *Shiny Day* is a beautiful collection of the frequently used supplications of the Holy Prophet ﷺ. This book is a humble effort to inculcate love of the Holy Prophet ﷺ in the children's hearts and develop a habit of praising Allah at every turn in daily routine. Simple and story-like presentation of the book is not only interesting but also inciting for little kids. We hope, wish and pray to Allah to accept our endeavour and bless our young generation with the true spirit of Islam. Ameen!


### ننھے منے بچوں کے لیے قرآنی واقعات


- سادہ الگ الگ اور مستقل جملوں میں نہایت آسان زبان
- خوبصورت اور دل نشین تصاویر
- قرآن، حدیث، سیرت اور تاریخ کے مستند واقعات پر مشتمل




























## SPECTRUM ISLAMIC STUDIES (BEGINNER TO GRADE 8)







انگریزی


Spectrum

# Islamic Studies

***A Graded Course***
Beginner to Grade-8

### Key Features of the series

- Graded and consistent material
- Simple and lucid style of the text
- Both student-focused and teacher-friendly content
- Eye-catching colourful illustrations
- A wide variety of activities
- Use of modern pedagogical approaches
- Integration of Islamic spirit with practical living
- Teacher/Parent guide portion with each book
- Learning evaluation portion with each unit





SINDHI

# اسلاميات

پهرئين کان اٺين درجي لاءِ

اسپيڪٽرم اسلاميات جو هِي نصابي سلسلو قومي تعليم جي نصاب موجب پهرئين کان اٺين درجي جي شاگردن لاءِ اسلامي تعليم، فرض عبادتن، رسمُن ۽ قدرُن جو هڪ مهڪندڙ باغيچو آهي. جيڪو قرآن پاڪ، حديث شريف، اسلامي تاريخ، تمدن ۽ تهذيب جي تعليم کي آسان ٻولي ۾ نهايت سُهڻي ۽ من موهيندڙ انداز ۾ سهيڙيو ويو آهي.
شاگردن جي دلچسپي وڌائڻ ۽ ذهني ڪارڪردگي کي عملي جامو پهرائڻ لاءِ هر سبق ۾ ڪارائتين سرگرمين کي شامل ڪيو ويو آهي.





**Other Spectrum Books**

**English** (Grade 1 to 5) | **Social Studies** (Grade 1 to 5) | **Science** (Grade 1 to 5) | **اردو** (کلاس 1تا8) | **5D Series (3 Steps)** Workbooks | Worksheets | Readers

**SGGP Series (Spectrum Good Grounding Program) 3 Steps**
Workbooks | Worksheets | Readers | Flash Cards | Poems | Islamiat & Islamic Studeis